GREATER MANCHESTER
# GOOD EMPLOYMENT CHARTER

# گریٹر مانچسٹر گڈ
# ایمپلائمنٹ چارٹر

ترجمہ کے لیے دستاویز کا مجموعی جائزہ

Supported by

European Commission

GMCA GREATER MANCHESTER COMBINED AUTHORITY

ANDY BURNHAM
MAYOR OF GREATER MANCHESTER

## دستاویز کا مجموعی جائزہ اور مقصد

یہ دستاویز گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر یعنی گریٹر مانچسٹر کا اچھی ملازمت کا منشور متعارف کراتی ہے، اس کے اغراض، درجات، خواص اور تحریک میں شمولیت کے خواہاں آجروں کے لیے اس کی کارروائیوں کو بیان کرتی ہے۔ اس کے بعد یہ حامیوں کے بطور سائن اپ کرنے اور بعد میں اس چارٹر کے ممبرز بننے کے خواہاں آجروں کے لیے حامی کے عہد و پیمان اور رکنیت کے معیار کا احاطہ کرتی ہے۔

## گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر

گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ چارٹر ایک رضاکارانہ رکنیت اور تشخیصی اسکیم ہے جو لوگوں کو پھلنے پھولنے والی اور بارآور معیشت کے ساتھ آگے بڑھنے اور ترقی کرنے کے مواقع والی اچھی نوکریاں مہیا کرنے میں مدد کے لیے بنائی ہے۔ چارٹر کی غرض سائز، سیکٹر یا جغرافیہ سے قطع نظر GM کے تمام آجروں کے لیے ملازمت کے معیارات کو بہتر بنانا ہے۔ چارٹر میں آجروں، حامیوں، ممبران اور ایڈووکیٹس کے لیے شمولیت کے تین درجات ہیں۔

آجروں کو چارٹر کے لیے سائن اپ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے – جو اچھی ملازمت، ہمسر سے ہمسر کے تعاون، ایونٹس اور ویبینارز کے حوالے سے حامیوں کے نیٹ ورک تک رسائی کے حصول اور ہمیشہ سے ارتقاء پذیر وسائل کے میزبان کے تئیں مرئی باہری عہد و پیمان وضع کرتا ہے تاکہ آجروں کو چارٹر کے سات خواص: محفوظ کام، لچک پذیر کام، اصل گزارے کی اجرت، مشغولیت اور آواز، بھرتی، لوگوں کا نظم و نسق اور صحت اور بہبود میں بہتری لانے میں آجروں کو مدد ملے۔

چارٹر اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ اچھی ملازمت منزل نہیں، بلکہ ایک سفر ہے۔ آجر اپنے سفر میں جہاں کہیں بھی ہوں یہ ان کا تعاون کرتا ہے – چاہے یہ معیارات کو بڑھانے، اچھی ملازمت فروغ دینے، طرز عمل کو مزید آگے لے جانے کا عہد و پیمان ہو یا دوسروں کو وہی کام کرنے کی صلاح دینا ہو۔

### عہد کریں

ایک تحریری عہد و پیمان کرکے چارٹر کا حامی بنیں جو اچھی ملازمت کے سات خواص میں فی الحال آپ کا طرزعمل جس مقام پر ہے اس کو اور جس طریقے سے اصلاحات لانے کے آپ کے منصوبے ہیں ان کو نمایاں کرتا ہو۔ حامی کے بطور مشغول ہونے کے لیے آپ کو خواص کے تمام معیارات پورے نہیں کرنے ہوتے ہیں، لیکن آپ کو سبھی میں طرز عمل کو بہتر بنانے کا عہد کرنا ضروری ہے۔

### فروغ دیں

اچھی ملازمت کے مختلف عوامل متعارف کرانے، عملی اور آسان قابل نفاذ ٹیک اویز کی تعلیم دینے اور اختراعی طرز عمل اور مسلمہ فوائد کی ترغیب دینے کے مقصد سے تمام ایونٹ میں شامل ہو کر چارٹر کے حامیوں کے نیٹ ورک میں مشغول ہوں۔ سائز، سیکٹر یا مقام کے لحاظ سے آجروں کے لیے تیار کردہ پورے GM میں حامیوں کے لیے دستیاب وسائل اور امدادی خدمات تک رسائی حاصل کر کے چارٹر کے تمام خواص میں بہتر ملازمت کو ضم کرنے کی جدوجہد کریں۔

### آگے بڑھیں

تمام آجر حامی کے بطور اپنا سفر شروع کرتے ہیں، پھر وہ اچھی ملازت کی تمام ساتوں خواص کے لیے طے کردہ معیارات پورے کرکے ممبر کی حیثیت سے منتقل ہوتے ہیں۔ یوں تو رکنیت کے معیار کی تعمیل کی شہادت اچھی ملازمت کے طرز عمل سے ملتی ہے، مگر یہ اس سفر کا اختتام نہیں ہے اور ممبران سے ان خواص کی مشق کو آگے بڑھاتے رہنے کی توقع کی جائے گی۔ نئے ممبران کو چارٹر یونٹ کے ذریعے آگے لایا جائے گا۔

### صلاح کار

افراد رکنیت کی گنجائش میں اچھی ملازمت کے خواص میں اپنی مہارتوں کو شیئر کرکے اور آجروں کے ساتھ مشغول ہو کر پورے GM میں ملازمت کے معیارات کو بہتر بنانے کے لیے چارٹر کے اغراض کی تائید کرکے چارٹر کے ایڈووکیٹس بن سکتے ہیں۔ ایڈووکیٹس کسی بھی سائز، سیکٹر یا مقام کی تنظیموں سے ہوں گے۔

GREATER MANCHESTER
GOOD
EMPLOYMENT
CHARTER

# چارٹر کے حامی کا عہد و پیمان

ذیل کے عہد و پیمان اچھی ملازمت کے تمام ساتوں خواص میں چارٹر کے حامی سے متوقع کم از کم معیارات کو طے کرتے ہیں۔ چارٹر کے حامیوں کا ایک مشترکہ عزم حقیقی مواقع کے ساتھ سبھی کے لیے اچھی نوکریاں تخلیق کرنا ہوتا ہے تاکہ پیشرفت حاصل کرنے، ترقی کرنے اور ہماری پروان چڑھتی علاقائی معیشت کا تعاون کرنے میں لوگوں کی مدد کی جائے۔

آجروں سے پوری طرح سے تائید کرنے اور اچھی ملازمت کے خواص میں اپنے طرز عمل کے ضمن میں کام کرنے کی توقع کی جاتی ہے – خواص یہ طے کرتے ہیں کہ اچھی ملازمت کے طرز عمل، ملازم کی اچھی مشغولیت اور اچھی اور منصفانہ ملازمت کیسی نظر آتی ہے۔ یہ چیزیں ڈائنیمک ہیں اور مزید تنظیموں کے شمولیت اختیار کرنے اور مختلف طریقے تسلیم کیے جانے پر یہ آگے بڑھیں گی۔

## محفوظ کام کی توسیع کرنا

**ہمارے** ملازمین جتنے گھنٹے کام کرتے ہیں ہم اسے شفاف بنانے اور غیر محفوظ ملازمت کی غیر ضروری شکلیں استعمال نہ کرنے کا وعدہ کرتے ہیں، تاکہ انہیں اپنی آمدنی پر مزید سیکورٹی حاصل ہو اور وہ اپنے کام اور کام سے الگ عہد بستگیوں کا مزید آسانی سے نظم کر سکیں۔

## لچک پذیر کام کی توسیع کرنا

**ہم** جہاں بھی ممکن ہوگا ملازمین کو کام کرنے کے لچک پذیر مواقع دیں گے، جو موقع کی وسیع تر برابری فراہم کرتے ہیں، مزید متنوع اور شمولیتی جائے کار تخلیق کرتے ہیں اور ہماری افرادی قوت کی صلاحیتوں اور ہنر کا بہتر استعمال کرنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

## حقیقی گزارے کی اجرت ادا کرنے کے ضمن میں کام کرنا

**تاکہ** ہمارے ملازمین ایک نفیس معیار زندگی حاصل کر سکیں اور ہم، بحیثیت آجر، بہتر برقراریت اور افرادی قوت کی مشغولیت، نیز اس سے ہونے والی بچت سے فائدہ اٹھا سکیں، **ہم حقیقی گزارے کی اجرت ادا کرنے کے ضمن میں ادائیگی یا کام کریں گے** جو لیونگ ویج فاؤنڈیشن (Living Wage Foundation) کے ذریعے تجویز کردہ سطح ہوگی۔

## جائے کار میں مشغولیت اور آواز کو فروغ دینا

تاکہ ہمارا عملہ جہاں ممکن ہو وہاں پر ملازمین کی مجموعی آواز کے اظہار کی سہولت بہم پہنچانے والی تسلیم شدہ تجارتی یونین کے ساتھ، ملازم کی مشغولیت کی مؤثر سرگرمی بناتے ہوئے اور متعلقہ پیشہ ور اداروں کی جانب سے ملنے والے تعاون سے، ہماری تنظیم کی رہنمائی اور کامیابی میں پوری طرح سے تعاون کر سکے اور اپنے کردار کو عملی شکل دے سکے۔

## بھرتی کرنے کے عمدہ طرز عمل فروغ دینا

تاکہ ہم آجروں کی حیثیت سے شفاف، شمولیتی اور منصفانہ کارروائیوں کی معرفت، اسکولوں، مزید تعلیم اور اعلی تعلیم فراہم کنندگان اور ملازمت کے پروگراموں کے ساتھ مشغول ہو کر گریٹر مانچسٹر کی پوری کمیونٹیز میں تکثیریت اور ہنر کا پورا فائدہ اٹھا سکیں، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہمارے عملہ کے پاس اپنے ہنر اور مہارت کو مسلسل طور پر فروغ دینے اور استعمال کرنے کے مواقع موجود ہیں۔

## عوام کے نظم و نسق کو بہتر بنانا

ہم اپنے تمام ملازمین کی قدر کرتے ہیں اور منصفانہ اور شمولیتی جائے کار فروغ دیں گے، مینیجرز سمیت افرادی قوت کی تربیت اور ترقی میں سرمایہ لگا کر، اور عملہ کو یہ یقینی بنانے کی ترغیب اور تحریک دے کر کہ ہم ایک کامیاب اور اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی تنظیم ہیں۔

## ملازم کی صحت و بہبود کو پروان چڑھانا

ہم جائے کار میں صحت و سلامتی کے اعلی معیارات مہیا کرتے ہوئے، اور اس طرح غیر حاضریوں کی لاگتوں کو کم کرتے ہوئے اور مزید متنوع افرادی قوت کے فوائد فراہم کرتے ہوئے، اپنے تمام ملازمین کی، بشمول دیرینہ کیفیات اور معذوریوں میں مبتلا افراد کی جسمانی اور ذہنی صحت کا تعاون کرتے ہیں۔

GREATER MANCHESTER GOOD EMPLOYMENT CHARTER

# چارٹر کی رکنیت کا معیار

ذیل کے معیارات اچھی ملازمت کے تمام ساتوں خواص میں چارٹر کے ممبر سے متوقع کم از کم معیارات کو بتاتے ہیں۔ یہ معیارات مساوات، تکثیریت اور شمولیت کو فعال کرنے والے اصولوں سے تحریک پاتے ہیں۔ انہیں عمدگی کے لیے تمنائیں سیٹ کرنے مگر لچک پذیری فراہم کرنے کے لیے معاون پروڈکشن کی کارروائی کی معرفت فروغ دیا گیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ تمام سیکٹر اور سائزوں کے آجر گریٹر مانچسٹر گڈ ایمپلائمنٹ تحریک کا حصہ بن سکیں۔

## محفوظ کام

چارٹر کے ممبران سے اس امر کا ثبوت فراہم کرنے کی توقع کی جائے گی کہ ملازمین کو اپنی آمدنی پر سیکورٹی حاصل ہے اور وہ کام اور کام سے الگ اپنی عہد بستگیوں کا مزید آسانی سے نظم یوں کر سکتے ہیں:

- ایسے معاہدے جن سے کیے گئے کام کے اصل گھنٹوں کی عکاسی ہوتی ہو، جس میں اگر اصل گھنٹے معاہدہ شدہ گھنٹوں سے مستقل طور پر بڑھ جاتے ہیں تو معاہدوں کا جائزہ لینے اور انہیں ایڈجسٹ کرنے کی اہلیت، نیز صفر گھنٹے کے معاہدے آخر کار انہیں کے لیے ہیں جو ان کے خواہاں ہوں، شامل ہیں۔ یہ جائزہ 12 ہفتے کی ملازمت کے بعد اور اس کے بعد ہر چھ مہینے پر لیا جائے گا۔
- کسی بھی عہدے کے لیے اشتہار اور نوکری کی وضاحت میں ضمانت یافتہ کم از کم گھنٹوں کی تعداد اور صفر گھنٹے کا کوئی معاہدہ اس میں شامل نہیں ہے۔
- جہاں کوئی آجر گھنٹے کے لحاظ سے ادائیگی پانے والے کارکن کو گھنٹے پیش کر رہا ہو وہاں، وہ جتنے گھنٹے کام کریں گے اس کا چار ہفتے کا نوٹس انہیں دے گا (تاکہ گھریلو منصوبہ بندی میں امداد ملے) اور منسوخی کی صورت میں ان گھنٹوں کے عوض لوگوں کو ادائیگی کرنے کا وعدہ کرے۔ [چار ہفتے سے کم کے نوٹس کے ساتھ عملہ کو ان کے معاہدہ بند اوقات کے علاوہ اوقات پیش کرنے والا آجر اس سے خارج نہیں ہے۔]
- کسی عہدے پر 12 ہفتے کی مسلسل ملازمت کے بعد، ایجنسی کے کارکنان کو براہ راست ملازموں کی طرح وہی تنخواہ اور شرائط پیش کی جاتی ہیں۔ 12 ہفتوں کے بعد اور پھر ہر چھ مہینے پر، ایجنسی اور عارضی عملہ کے ممبران کو مستقل عہدہ پیش کرنے پر باضابطہ غور و خوض ہوتا ہے۔

## لچک پذیر کام

چارٹر کے ممبران سے صلاحیتوں اور ہنر کی وسیع تکثیریت تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ایک مزید لچک پذیر افرادی قوت فعال کرنے کا ثبوت فراہم کرنے کی توقع کی جائے گی:

- جہاں بھی ممکن ہو ایسی نوکریاں تیار کرنا جن میں لچک ہو:
  - جہاں لوگ کام کریں (گھر سے کام کرنا، مختلف دفاتر میں؛ موبائل ورکنگ)؛
  - جس وقت لوگ کام کرتے ہیں (آغاز یا اختتام کے لچک پذیر اوقات؛ سالانہ اعتبار سے لچک پذیری؛ کمپریس کردہ اوقات؛ پروجیکٹ پر مبنی کام؛ شفٹ میں کام)؛ اور
  - لوگ جس قدر کام کرتے ہیں (جز وقتی؛ جاب شیئرنگ یا نوکری منقسم کرنا؛ بلا معاوضہ چھٹی)۔
- کام کرنے کی ایک لچک پذیر پالیسی رکھنا تاکہ:
  - جہاں مناسب اور معقول ہو وہاں لچک پذیر کام کرنے کی ترغیب دی جائے؛
  - ہر فرد کو حالات سے قطع نظر درخواست کرنے کا اور کام کرنے کے لچک پذیر انتظامات کے لیے زیر غور لائے جانے کا اور 28 دنوں کے اندر سوالوں کا جواب دیے جانے کا موقع دیا جائے؛
  - کام کرنے کے لچک پذیر انتظامات کا باقاعدہ جائزہ۔
- شروع سے ہی نوکری کی لچک پذیری کے امکان پر وضاحت کے ساتھ تمام نوکریوں کا اشتہار دینا۔

## اصل گزارے کے لیے اجرت

چارٹر کے ممبران سے توقع کی جائے گی کہ ثبوت فراہم کریں تاکہ:

- ملازمین کو اصل گزارے کی اجرت کی ادائیگی اور ان کے ٹھیکیداروں کو گزارے کے لیے اجرت ادا کرنے کے منصوبوں کی تفصیلات ثابت ہوں، جیسا کہ لیونگ ویج فاؤنڈیشن نے طے کیا ہے۔

## مشغولیت اور آواز

چارٹر کے ممبران سے وہاں پر افراد، افرادی قوت اور انتظامیہ کے بیچ ایک مؤثر رشتہ تخلیق کرتے ہوئے ایک پراعتماد، با اختیار افرادی قوت کا ثبوت فراہم کرنے کی توقع کی جائے گی جہاں درج ذیل کی معرفت آراء کو

**نوٹس:** رکنیت کا یہ معیار بہترین طرز عمل کا بیان فراہم کرتا ہے اور یہاں پر درج معیارات قانونی طور پر واجب العمل نہیں ہیں۔

محفوظ طریقے سے سنا اور شیئر کیا جا سکتا ہو۔

- فیصلہ سازی میں ملازمین کی شمولیت اور مؤثر مواصلت اور مشاورت کی معرفت تبدیلی کا نظم کرنا۔
  - بولنے کی طرح ہی سننے پر بھی زیادہ زور ڈالنا۔
  - وہ آجر جو فعال طریقے سے آراء طلب کرتے ہیں، ملازمین سے انہوں نے جو کچھ سنا ہے اسے زیر غور لاتے ہیں اور تنظیم کو آگے لے جانے میں ملازمین کے تعاون کے بارے میں باقاعدگی سے مواصلت کرتے ہیں۔
  - یہ یقینی بنانا کہ ہر سطح کے مینیجرز ملازمین سے اپنے بات رکھوانے کے پابند عہد ہیں۔
  - فیصلے کرنے سے پہلے ملازمین کی آراء پر واقعتاً غور کرنا
  - منظم طریقے سے اور باقاعدگی سے ملازمین سے مواصلت اور مشاورت کرنا

- ٹرید یونینز کے ساتھ مثبت انداز میں مشغول ہونا، بشمول:
  - ٹریڈ یونین کے انتظام کاروں کو جائے کار تک رسائی حاصل کرنے کی اجازت دینا
  - نئے عملہ کو ٹریڈ یونین کی امکانی رکنیت سے واقف کرانا
  - جہاں ممکن ہو وہاں پر ٹرید یونین(یونینز) کو رضاکارانہ طور پر تسلیم کرنا
  - ٹریڈ یونین کے فرائض، تربیت اور سرگرمیوں کے لیے معقول سہولیات اور وقت فراہم کرنا
  - ٹریڈ یونین(یونینز) کی تصدیق ختم کرنے یا اجتماعی سودا کاری کی مشینری ہٹانے کا خواہاں نہ ہونا
  - اجتماعی طور پر متفقہ شرائط و ضوابط لاگو کرنا
  - اجتماعی سودا کاری کے معاہدے جہاں موجود ہوں وہاں ان میں حصہ لینا
  - سیکٹر میں جہاں ممکن ہو وہاں پر اجتماعی طور پر متفقہ شرائط لاگو کرنا

## بھرتی

چارٹر کے ممبران سے گریٹر مانچسٹر کی تمام کمیونٹیز کے ہنر کے حوالے سے متنوع افرادی قوت کی ڈرائنگ کا ثبوت درج ذیل کی معرفت فراہم کرنے کی توقع کی جاتی ہے:

- غیر شعوری جانبداری کو ختم کرنے کے لیے وضع کردہ انتخاب کی کارروائی؛
- بھرتی کے شمولیتی اور منصفانہ طرز عمل نیز برابری اور تکثیریت کے امور سبھی کے لیے لازمی ہوں؛
- بھرتی کی ایسی کارروائیاں جو گمنام ہوں، بشمول معذوری سے متعلق پر اعتماد اسکیم (یا اس کے مساوی) اور 'باکس پر پابندی لگائیں' مہم کے ساتھ ہم آہنگ (مجرمانہ ریکارڈ کو درخواست فارموں کے ٹک باکسوں سے ہٹانا یا اس کے مساوی)؛
- نوکری کے اشتہارات جو اس عہدے پر کام کرنے کی لچک کا امکان اور جتنے گھنٹے کام کرنا ہے اس کی تعداد طے کرتے ہوں (محفوظ کام دیکھیں)؛
- ایسے مینیجروں کو بھرتی کرنا جو مساوات اور تکثیریت کی تربیت مکمل کر چکے ہوں؛
- بھرتی کے طریقے جو عہدے اور امیدوار کے لیے مناسب ہوں – جیسے مواصلت، انٹرویوز اور دیگر سرگرمیوں کے قابل موافقت طریقوں سے؛
- بھرتی کی کارروائیاں، بشمول عہدوں کا اشتہار، جو سرگرمی کے ساتھ متنوع افرادی قوت کی بھرتی کی ترغیب دیتے ہوں؛
- وسیع تر تکثیریت کے ضمن میں اس کی تبدیل ہوتی نوعیت اور پیشرفت کو سمجھنے کے لیے ان کی افرادی قوت کی تکثیریت کی نگرانی۔

## عوام کا نظم و نسق

چارٹر کے ممبران سے توقع کی جائے گی کہ درج ذیل کا ثبوت فراہم کریں:

- واضح تنظیمی اقدار اور متوقع رویے جو اقدار کے موافق ہوں، جن کا افرادی قوت کے ذریعے واضح طور پر مظاہرہ کیا جائے اور جنہیں رازداری کے ساتھ مجتمع کیا جائے؛
- قائدین اور مینیجرز نے ایسی ثقافت فروغ دی ہو جو یقینی بنائے کہ تمام ملازمین ایک مثبت عملی زندگی کے تجربے کا لطف اٹھاتے ہیں؛
- انفرادی مقاصد جو تنظیم کی اقدار اور مجموعی مقاصد سے ہم آہنگ ہوں؛
- کارکردگی کے نظم و نسق کا لائحہ عمل نیز مینیجرز کے ساتھ 1:1 بات چیت؛
- ایک ایسا تنظیمی ترقی/تربیت کا منصوبہ جو یقینی بناتا ہو کہ تمام عملہ (بشمول مینیجرز) کو بامعاوضہ وقت کے دوران مناسب تربیت موصول ہوتی ہے، تاکہ انہیں اپنا کام مؤثر طریقے سے انجام دینے، اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو فروغ دینے اور استعمال کرنے کا اہل بنایا جائے۔

**نوٹس:** رکنیت کا یہ معیار بہترین طرز عمل کا بیان فراہم کرتا ہے اور یہاں پر درج معیارات قانونی طور پر واجب العمل نہیں ہیں۔

- آگے بڑھنے کے لیے تمناؤں کو بڑھاوا دینے کے لیے ترقی کے مواقع؛
- کئی ذرائع سے فیڈ بیک اور سروے جو یہ بتاتے ہوں کہ افرادی قوت کو گرانقدر، ان میں سرمایہ لگا ہونے اور ان کے فروغ پانے کا احساس ہوتا ہے؛
- مینیجرز کے منصب کی پروفائلز جو افرادی قوت کا نظم کرنے کے لیے وقت پر بنائی گئی ہوں؛
- کسی تنظیم کا تمہیدی پروگرام؛
- ACAS کی رہنمائی کے مطابق شکایات کی اور تادیبی کارروائیاں؛
- ایذا رسانی اور ہراسانی سے افرادی قوت کا تحفظ کرنے والے قائدین؛

صحت اور بہبود
چارٹر کے ممبران سے توقع کی جائے گی کہ ایک بار آور ملازم بننے میں ہر ایک کا تعاون کریں، یہ قبول کرتے ہوئے کہ تمام عملہ مختلف طرح کی ضروریات کے ساتھ انفرادی حیثیت رکھتا ہے، درج ذیل کا ثبوت فراہم کرکے؛

- ایک ایسی ثقافت فروغ دینے کی سینئر قائدین کی عہد بستگی جہاں ملازمین کے پاس صحت مند اور بار آور جائے کار کی تخلیق کے سلسلے میں اپنے انفرادی عہدے کی ذمہ داری اٹھانے کی اہلیت ہو؛
- حقیقی اور قابل منتقلی نتائج کے ساتھ تاثرات کے عین مطابق کام کرنے کے تقاضے کے ساتھ عملہ کی بہبود پر نگاہ رکھنے کے نظام؛
- زندگی کے مختلف مراحل کو تسلیم کرنا اور کام کرنے کے اپنے ماحول میں ہی پھلنے پھلنے میں عملہ کا تعاون کرنا، جس میں طویل مدتی کیفیات اور معذوریوں میں مبتلا افراد کے لیے ایڈجسٹمنٹس شامل ہیں؛
- یہ تسلیم کرنا کہ ذہنی صحت بھی صحت و بہبود کا ایک ایسا مسئلہ ہے جس کو کسی تنظیم کی وسیع تر اقدار اور مقاصد کے سلسلے میں، باقاعدہ جائزے کے ساتھ مشروط حکمت عملیوں کے ساتھ زیر غور لانے کی ضرورت ہے؛
- ملازم کی بہبود پر گفتگو کرنے کے لیے مخصوص مقصد رکھنے والے مینیجرز، نیز رواں تربیت اور بہترین طرز عمل کی سہولت بہم پہنچانے کے لیے تعاون موجود ہو؛
- جب اور جہاں بھی عملہ کو رسائی کی ضرورت ہو ان کے لیے داخلی اور/یا خارجی امدادی خدمات اور ACAS یا اس کے مساوی رہنما خطوط کے مطابق بیماری کی صورت میں غیر حاضری کا نظم و نسق۔

## اگلے مرحلے

چارٹر کے ساتھ شمولیت اختیار کرنے اور حامی کے بطور سائن اپ کرنے کے لیے، براہ کرم چارٹر ٹیم سے contact@gmgoodemploymentcharter.co.uk پر رابطہ کریں یا www.GMgoodemploymentcharter.co.uk ملاحظہ کریں

**نوٹس:** رکنیت کا یہ معیار بہترین طرز عمل کا بیان فراہم کرتا ہے اور یہاں پر درج معیارات قانونی طور پر واجب العمل نہیں ہیں۔